سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۲۰۱۷
SINDH ACT NO.III OF 2017
سندھ بچوں کی ملازمت پر پابندی ایکٹ، ۲۰۱۷
THE SINDH PROHIBITION OF EMPLOYMENT OF CHILDREN ACT, 2017
(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید
(Sections) دفعات
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title, extent and commencement
۲. تعریف
Definitions
۳. ملازمت پر پابندی
Prohibition of employment
۴. شیڈول کی ترمیم
Amendment of schedule
۵. بچوں کی مزدوری پر صوبائی کوآرڈینشن کمیٹی
Provincial Coordination Committee on Child Labour
۶. پارٹ III کا نفاذ
Application of Part III
۷. گھنٹے اور کام کا عرصہ
Hours and period of work
۸. ہفتہ وار چھٹیاں
Weekly Holidays
۹. انسپکٹر کو نوٹس
Notice to Inspector
۱۰. عمر کے متعلق تکرار
Disputes as to age
۱۱. رجسٹر کی مینٹنس
Maintenance of registrar
۱۲. دفعہ ۳ اور ۱۴ کا خلاصہ رکھنے والا نوٹس لگانا
Display of notice containing abstract of Section 3 and 14

۱۳. مخصوص قانون کا نفاذ
Application of certain Laws
۱۴. جرمانہ
Penalties
۱۵. جرم کا ہونا
Abetment to an offence
۱۶. جرمانے کے سلسلے میں مخصوص قوانین کا ترتیب شدہ نفاذ
Modified Application of Certain Laws in Relation to Penalties
۱۷. جرائم کے متعلق طریقے کار
Procedure relating to offences
۱۸. انسپکٹر ز کی مقرری
Appointment of Inspectors
۱۹. قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules
۲۰. منع نہ کرنے والے قوانین کی کچھ دوسری گنجائشیں
Certain other provisions of la not barred
۲۱.رکاوٹیں ہٹانے کا اختیار
Power to remove difficulties
۲۲. بچہ یا نابالغ کی تعلیم کے حوالے سے قبضہ رکھنے کی ذمیواری
Responsibility of the occupier towards education of child or adolescent
۲۳. نسلی امتیاز کے خلاف تحفظ
Protection against discrimination
۲۴. منسوخ اور محفوظ
Repeal and Saving

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۲۰۱۷
SINDH ACT NO.III OF 2017
سندھ بچوں کی ملازمت پر پابندی ایکٹ، ۲۰۱۷
THE SINDH PROHIBITION OF EMPLOYMENT OF CHILDREN ACT, 2017

[۲۲ مارچ ۲۰۱۷]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے بچوں کی ملازمت پر پابندی اور مختلف شعبہ جات اور کاموں میں نابالغوں کی ملازمت کا انتظام کیا جائیگا؛

جیسا کہ بچوں کی ملازمت پر پابندی اور مختلف شعبہ جات اور کاموں میں نابالغوں کی ملازمت کا انتظام کرنے کے ساتھ منسلک معاملات میں اقدام اٹھانا ضروری ہوگیا ہے۔

اس کو اس طرح عمل میں لایاجائیگا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short title, extent and commencement

۱. (1) اس ایکٹ کو سندھ بچوں کی ملازمت پرپابندی ایکٹ، ۲۰۱۷ کہا جائیگا۔

(۲) اس کی تمام سندھ تک توثیق کی جائیگی۔

(۳) یہ فوری طور لاگو ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲.(1اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(i) ”نابالغ“ سے مراد ہے کہ وہ فرد جس نے اپنی عمر کے چودہ برس مکمل کیئے ہو لیکن اٹھارہ برس مکمل نہ کیئے ہو؛

(ii) ” بچے“سے مراد ہے جس نے اپنی عمر کے چودہ برس مکمل نہیں کیئے ہو؛

(iii) ”دن“ سے مراد آدھی رات سے شروع ہونے والے چودہ گھنٹے کا عرصہ ؛

(iv) ''اسٹبلمشنٹ''سے مراد ہے انڈسٹریل، کمرشل یا ایگریکلچرل اسٹیبلشمنٹ، مائین بزنس، ٹریڈ، انڈر ٹیکنگ، مینوفیکچر اور ورک پلیس جہاں کوئی معاشی سرگرمی ہو رہی ہو اور جس میں شامل ہے خیراتی اور سوشل اور فلاح والی تنظیموں، چاہے وہ منافعے کے لیئے چل رہی ہویا دوسرے مقاصد کے لئے اور دوسری کوئی اسٹبلشمنٹ، اسٹبلمنٹس کے درجے یا حکومت کے طرف سے آفیشل گزیٹ میں وقتی بیان کیئے گئے کام کی جگہ؛

(v) ''فیکٹری''سے مراد ہے فیکٹریز ایکٹ، ۲۰۱۵ کے تحت بیان کیئے گئے فیکٹری (۲۰۱۶ کے ایکٹ نمبر XIII)، پر اس میں شامل نہیں مائین، آپریشن آف مائنس ایکٹ، ۱۹۲۳ کے تحت (۱۹۲۳ کا نمبر IV)؛

(vi) ''خاندان''آکیوپایر سے منسلک ہونے کے سلسلے میں، سے مراد ہے اکیلا، بیوی یا شوہر، جیسا معاملہ ہو، ایسے اکیلے کا اور اس کے بچے، بھائی یا بہن ایسے فرد کا ؛

(vii) ''حکومت''سے مراد ہے سندھ حکومت؛

(viii) ''تھکانے والا کام''سے مراد ہے وہ کام جو اپنی نوعیت کے مطابق یا حالات کےمطابق جس کے تحت وہ کیئے گئے ہیں، صحت، تحفظ یا بچوں کے اخلاق کے نقصان یا تکلیف پہنچانا ہے اور جس میں شامل ہے شعبے اور طریقے جو شیڈول میں بیان کئے گئے ہیں؛

(ix) ''انسپکٹر'' سے مراد ہے مکمل طور مقرر کئے گئے عملدار اور جو حکومت کے جانب سے اس ایکٹ کے مقاصد کےلئے انسپکٹر کی حیثیت سے بیان کیا گیا ہو؛

(x) ''ہلکا کام''سے مراد ہے وہ کام جو صحت کے لئے نقصان دہ ہو یا کام کرنے والے بچے کی جسمانی یا ذہنی نشونما کو متاثر نہیں کرتا ہو اور جس میں شیڈول میں بیان کی گئی سرگرمیاں اور طریقے شامل ہیں؛

(xi) ''مائین''سے مراد ہے کہ اسٹبلشمنٹ جو مائنس ایکٹ، ۱۹۲۳ (۱۹۲۳ کے نمبر IV) کے متعلق اس

طرح بیان کی گئی ہو؛

(xii) ’’آکیوپایر‘‘ اسٹبلشمنٹ کے سلسلے میں، سے مراد ہے وہ فرد جوواسطہ یا بالواسطہ مزدور رکھتا ہے؛

(a)اکیلے کی صورت میں، ایک وارث چھوڑنے والا، ایڈمنسٹریٹر یا اسائن ؛اور

(b) کوئی فرد جس کو اسٹبلشمنٹ کے معاملات پر مکمل ضابطہ ہو (چاہے وہ کسی بھی نام سے بلایا جائے)؛

(xiii) ’’پورٹ اتھارٹی‘‘سے مراد ہے پورٹ سنبھالنے والی اتھارٹی؛

(xiv) ’’ بیان کردی‘‘سے مراد ہے اس ایکٹ کے قواعد کے مطابق بیان شدہ؛

(xv) ’’شیڈول‘‘سے مراد ہے اس ایکٹ سے منسلک شیڈول؛

(xvi) ’’ہفتہ‘‘سے مراد جمعرات سے شروع ہونے والے سات دن کا عرصہ یا ایسی دوسری کوئی رات جس کی حکومت کے جانب سے مخصوص ایراضی کے لئے منظوری دی گئی ہو؛

(xvii) ’’ورکشاپ‘‘سے مرا دہے کوئی احاطہ (بشمول اس سلسلے میں چاردیواری کی) جہاں کوئی صنعتی کام کیا گیا ہے لیکن اس میں کوئی فیکٹری شامل نہ ہو۔

حصہ II

تکلیف دینے والے کام میں بچوں کی ملازمت پر پابندی اور نابالغوں کی ملازمت پر پابندی

ملازمت پر پابندی
Prohibition of employment

۳.(1)کسی بھی بچے کو کسی اسٹبلشمنٹ میں نہیں لگایا جائیگا یا کام کی اجازت نہیں دی جائیگی۔

(۲)کسی بھی نالغ کو شیڈول میں موجود تکلیف دینے والے کام میں نہیں لگایا جائیگا یا کام کی اجازت نہیں دی جائیگی۔

شیڈول کی ترمیم
Amendment of schedule

۴. حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے وقتن بوقتن شیڈول میں ترمیم کر سکتی ہے اورسلسلے میں شیڈول نوٹی فکیشن والی تاریخ سے

بچوں کی مزدوری پر صوبائی کوآرڈینشن کمیٹی
Provincial Coordination Committee on Child Labour

پارٹ III کا نفاذ
Application of Part III

کلاک اور کام کا عرصہ
Hours and period of work

تیسری ماہ ترمیم کی جائیگی۔

۵.(1)حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے کمیٹی بنا سکتی ہ جس کو بچوں کی مزدوری کے متعلق سندھ کوآرڈینیشن کمیٹی کہا جائیگا، جو حکومت کے بچوں کی مزدوری کے متعلق مخصوص قانون سازی، انتظامی اور دوسرے خاتمے کے اقدام اٹھانے کے لئے صلاح مشورہ دے گی اور عالمی قانون کے مطابق قدم اٹھانے اور صوبے میں ملازمت کے مقصد کے لئے کم سے کم عمر کا تعین کرنے میں صلاح مشورہ دی گی۔

ہفتہ وار چھٹیاں
Weekly Holidays

(۲)کمیٹی چیئرپرسن اور کم سے کم ۹ دوسرے میمبرز جو حکومت، سرمائیداروں، مزدورں، سول سوسائٹی میں سے ہونگے اور دو سندھ کے صوبائی اسمبلی کے میمبرز جو سندھ کے صوبائی اسمبلی کے اسپیکر کے جانب سے نامزد کیئے جائیں گے۔

انسپکٹر کو نوٹس
Notice to Inspector

حصہ III

نابالغوں کے کام کی شرائط بنانا

۶.اس حصے کی گنجائشیں اسٹبلشمنٹ پر لاگو ہونگی یا اسٹبلشمنٹس کے درجے پر جس میں دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۲) میں مندرجہ ذیل کوئی بھی کاروبار یا کام نہیں کیا گیا ہو۔

۷.(1) کسی بھی نو عمر سے اسٹبلشمنٹ میں مقررہ اوقات سے زائد کام نہیں لیا جائے گا ایسے میمبر کی گھنٹوں کے لیئے جیسے ایسے اسٹبیلشمنٹ یا اسٹبلشمنٹنس کے درجے لئے بیان کیا گیا ہو۔

(۲)روزانہ دن کام کا عرصہ اس طرح طئے کیا جائیگا کہ کوئی بھی عرصہ تین گھنٹوں سے زیادہ نہیں ہوگا اور کوئی بھی نالغ تین گھنٹوں سے زیادہ کام نہیں کریگا، اس سے پہلے ان کو کم سے کم ایک گھنٹے کا وقفہ نہیں دیا جائیگا۔

عمر کے متعلق تکرار
Disputes as to age

(۳) نابالغ کے کام کا عرصہ اس طرح بنایا جائیگا کہ آرام والے وقفے کے ساتھ ، ذیلی دفعہ ۲ کے تحت، وہ سات گھنٹوں سے زیادہ نہیں ہوگا، بشمول کسی دن کام

رجسٹر کی مینٹنس

کے انتظار میں گذرے ہوئے وقت پر۔
(۴)کسی بھی نابالغ سے 7:00 بجہ شام سے 8:00 بجہ صبح کے درمیاں کام کی اجازت نہیں ہوگی یا کام نہیں لیا جائیگا۔
(۵)کسی بھی نابالغ کو اوور ٹائیم کرنے کی اجازت نہیں ہوگی یا کام کرنے نہیں دیا جائیگا۔
(۶)کسی بھی نابالغ کو کسی اسٹبلشمنٹ میں کام نہیں لیا جائیگا یا کام کی اجازت نہیں دی جائیگی اس دن پر جس دن پہلے کسی دوسری اسٹبلشمنٹ میں کام کیا ہو۔

Maintenance of registrar ۱

دفعہ ۳ اور ۱۴ کا خلاصہ رکھنے والا نوٹس لگانا
Display of notice containing abstract of Section 3 and 14

۸.اسٹبلشمنٹ میں ملازمت پر رکھے ہوئے نابالغ کو ہر ہفتے ایک مکمل دن چھٹی کی اجازت ہوگی، جو مالک کے جانب سے اسٹبلشمنٹ میں مستقل طور پر نوٹس لگانے کے ذریعے بیان کیا جائیگا اور اس طرح بیان کئے گئے مالک کے جانب سے تین ماہ میں ایک دفعہ سے زائد تبدیل نہیں کیا جائیگا۔

مخصوص قانون کا نفاذ
Application of certain Laws

۹.(1) ہر وہ مالک اسٹبلشمنٹ کے سلسلے میں جس میں کوئی نابالغ رکھا گیا ہے یا اس ایکٹ کی شروعات کے پہلے سے اجازت دی گئی ہے کہ ایسی اسٹبلشمنٹ ایسی شروعات کے تیس دن کے عرصے کے اندر، منسلک انسپکٹر کو جس کے حدود میں اسٹبلشمنٹ واقع مندرجہ ذیل تفصیلات پر مشتمل تحریری نوٹس بھیجے گی:
(a)نام، جگہ اور اسٹبلشمنٹ کا پتہ؛
(b)اسٹبلشمنٹ کی حقیقی مینجمنٹ میں شخص کا نام؛
(c) پتہ جس پر اسٹبلسمنٹ سے منسلک خط و کتابت بھیجی جائیگی؛ اور
(d) اسٹبشلمنٹ میں ہونے والے کاروبار یا کام کی قسم؛

جرمانہ
Penalties

(۲) ایک اسٹبلشمنٹ کے سلسلے میں ہر مالک، جو اس ایکٹ کی شروعات والی تاریخ کے بعد کسی بالغ کو ملازمت پر رکھتا ہے یا کام کی اجازت دیتا ہے تو ایسی اسٹبلشمنٹ ایسی ملازمت کی تاریخ کے تیس دن کے عرصے کے دوراں انسپکٹر کو جس کی مقامی حدود میں اسٹبلشمنٹ واقع ہے، تحریری نوٹس کے ذریعے

ذیلی دفعہ (۱) میں مندرجہ ذیل تفصیل بھیجے گا۔
(۳) دفعہ ۷، ۸ اور ۹ میں شامل کچھ بھی کسی اسٹبلشمنٹ پر لاگوہ نہیں ہوگا، جہاں مالک خاندان کی مدد سے کام لے رہا ہو یا کوئی اسکول حکومت کے جانب سے ہنر سکھانے کے لئے قائم کیا، مدد کی یا پہچان دی گئی ہو۔
۱۰. اگر انسپکٹر اور مالک کے درمیاں بچے یا نابالغ کی عمر کے متعلق کوئی سوال اٹھتا ہے، جس کو اسٹبشمنٹ میں کام کی اجازت دی گئی ہے یا ملازمت پر رکھا گیا ہے تو ایسے بچے کی عمر کے متعلق سوال اٹھانے پر مندرجہ ذیل میڈیکل اختیاری کے جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ کی غیر موجودگی میں معاملہ انسپکٹر کے جانب سے فیصلے کے لئے مندرجہ ذیل مندرجہ میڈیکل اتھارٹی کو بھیجا جائیگا۔
۱۱.ہر مالک کے جانب سے کسی اسٹبلشمنٹ میں نابالغ کو ملازمت پررکھنے یا کام کی اجازت دینے کے سلسلے میں رجسٹر رکھا جائیگا، جس کے کام والے گھنٹوں کے درمیاں تمام وقتوں پر انسپکٹر کے جانب سے جانچ پڑتال کے لئے دستیاب بنایا جائیگا:
(a) اس طرح ملازمت پر رکھے گئے یا کام کی اجازت دینے والے ہر نابالغ کا نام اور پیدائش کی تاریخ؛
(b) ایسے نابالغ کے کام کے گھنٹے اور عرصہ اور اس کی آرام کے وقفے جو اسے دیئے گئے ہیں؛
(c)ایسے کسی نابالغ کے کام کی نوعیت؛اور
(d)ا اور دوسرے تفصیل جو بیان کیئے گئے ہو۔
۱۲.ہر مالک نوٹس کے لئے مخصوص مناسب اور مناسب جگہ پر دفعات ۳ اور ۱۴ کے خلاصے کے موجب سندھی، اردو اور انگریزی زبانوں میں نوٹس لگائے گا۔

جرم کا ہونا
Abetment to an offence

حصہ IV
متفرقات

۱۳.(1)ویجز کی ادائیگی ایکٹ، ۱۹۳۶، سندھ کم سے کم ویجز ایکٹ، ۲۰۱۵، سندھ ایمپلائیز سوشل سیکیورٹی ایکٹ ۲۰۱۶، سندھ ورکرز کمپینسیشن ایکٹ، ۲۰۱۵، سندھ ایمپلائیز اولڈ ایج بینیفٹس ایکٹ، ۲۰۱۴ اور سندھ ٹرمز آف ایمپلائمینٹ (اسٹینڈنگ آرڈرز) ایکٹ، ۲۰۱۵ کے تمام گنجائشیں نابالغ مزدورں پر بیان کیئے گئے مفہوم کے مطابق لاگو ہونگی؛

(۲)حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے، وقتی طور لاگو کسی دوسرے قانون کی گنجائش کو اس حصے کے مطابق نابالغ مزدورں تک بڑھایا جا سکتا ہے۔

۱۴.(1) اگر کوئی ذیلی دفعہ (۱) ۳ کی گنجائشوں کی خلاف وزری کرتے ہوئے کسی بچے کو پرکھتا ہے تو وہ قیدکی سزا کا اہل ہوگا جو چھ ماہ تک بڑھائی جا سکتی ہے یا جرمانہ جو پچاس ہزار تک بڑھایا سکتا ہے یا دونوں۔

بشرطیکہ اگر کوئی بچہ تکلیف دینے والے کام میں ملازمت کرتا ہے تو جرمانہ ایک سو ہزار تک بڑھایا سکتا ہے لیکن دس ہزار روپے سے کم نہیں ہوگا اور قید کی سزا جو تین سال سے توسیع کی جا سکتی ہے:

بشرطیکہ مزید اگر بچے یا بالغ ملازمت پر رکھے ہوئے ہیں:

(a)کسی بھی قسم کی نوکری کی یا نوکری جیسی دوسری کوئی مشق ، جیسا کہ بچوں یا نابالغوں کے فروخت یا ٹریفکنگ ، قرض پر مزدوری، زبردستی یا لازمی مزدوری، بشمول زبردستی لازمی بچوں یا نابالغوں کی مسلح فوج میں بھرتی؛

(b)بچے یا نابالغ کا جسم فروشی کے لئے استعمال، فراہم کردہ یا پیشکش، پورنوگرافی کی پروڈکشن کے لئے یا پورنوگرافک پرفارمنسز کے مقصد کے لئے؛

جرمانے کے سلسلے میں مخصوص قوانین کا شدہ نفاذ
Modified Application of Certain Laws in Relation to Penalties

جرائم کے متعلق طریقے کار
Procedure relating to offences

انسپکٹر ز کی مقرری
Appointment of Inspectors

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

منع نہ کرنے والے قوانین کی کچھ دوسری گنجائشیں

(c)بچے یا نابالغ کی غیر اخلاقی سرگرمیوں میں استعمال، فراہمی یا پیشکش خاص طور منشیات کے پیداوار اور منتقلی کے مقاصد کے لئے، ؛

جرمانہ دس سو ہزار روپے تک بڑھایا جا سکتا ہے لیکن دو سو ہزار روپے سے کم نہیں ہوگا اور قید کی سزا دس سال تک بڑ سکتی ہے لیکن پانچ سال سے کم نہیں ہونگی۔

(۲) کوئی بھی نابالغ کو ملازمت پر رکھتا ہے یا کسی نابالغ کو ذیلی دفعہ (۲) ۳ کی گنجائشیں کی خلاف کرتے ہوئے کام کی اجازت دیتا ہے وہ قید کی سزا کا مستحق ہوگا، جس کی مدت ایک سال تک بڑھائی جا سکتی ہے یا جرمانے کے ساتھ جو پچتر ہزار روپے تک بڑھائی جا سکتی ہے یا دونوں ایک ساتھ۔

(۳)کوئی بھی، دفعہ ۳ کے تحت کوئی جرم کیا ہو یا اس کے بعد اس جیسے کوئی جرم کرے ، وہ قید کی سزا کا مستحق ہوگا، جس کی مدت ایک سال سے کم نہیں ہوگا لیکن وہ پندرہ سال تک بڑھ سکتا ہے۔

(۴)کوئی بھی:

(a)دفعہ ۹ کے تحت طلب کردہ نوٹس دینے میں ناکام ہوتا ہے؛یا

(b)رجسٹر بنانے میں ناکام ہوتا ہے جیسے دفعہ ۱۱ کے تحت طلب کیا گیا ہے یا ایسے رجسٹر میں کوئی غلط داخلہ کرتا ہے؛

(c)جانچ کے لئے رکارڈ مہیا کرنے میں ناکام ہوتا ہے؛

(d)نوٹس لگانے میں ناکام ہوتا ہے؛ یا

(e)اس ایکٹ پر عمل کرنے میں ناکام ہوتا ہے یا اس ایکٹ کے کچھ گنجائشوں کی خلاف ورزی کرتا ہے یا اس سلسلے میں بنائے گئے قواعد کی خلاف ورزی کرتا ہے، وہ سادہ قید کا مستحق ہوگا جو ایک مہینہ تک بڑھائی جا سکتی ہے اور جرمانہ جو دس ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے یا دونوں ساتھ۔

۱۵.(1)کوئی بھی اس ایکٹ کے تحت سزا کے قابل کوئی جرم کرتا ہے، چاہے جرم کیا ہویا نہیں، اس کو

Certain other provisions of la not barred

رکاوٹیں ہٹانے کا اختیار

Power to remove difficulties

بچہ یا نابالغ کی تعلیم کے حوالے سے قبضہ رکھنے کی ذمیواری

Responsibility of the occupier towards education of child or adolescent

نسلی امتیاز کے خلاف تحفظ

Protection against discrimination

منسوخ اور محفوظ

Repeal and Saving

وہی سزا دی جائیگی، جو جرم کرنے کے لئے طے کی گئی ہے۔
وضاحت: اس دفعہ کے مقصد کے لئے ''ابیٹمینٹ'' کو وہی معنیٰ ہے جو اس کو پاکستان پینل کوڈ (1860 کے XLV) میں دی گئی ہو۔
۱۶.(1) جہاں کوئی شخص مجرم ثابت ہوتا ہے اور ذیلی دفعہ (۲) میں مندرجہ ذیل بچے اور نابالغ سے منسلک گنجائش کی خلاف ورزی میں ملوث ہوتا ہے وہ اس ایکٹ کی دفعہ ۱۵ کی ذیلی دفعات (۱)، (۲) اور (۳) میں بیان کئے گئے جرمانے کے مستحق ہونگے اور نہ ہی دوسرے منسلک قوانین کے۔
(۲)ذیلی دفعہ (۱) میں مندرجہ ذیل گنجائش یہ ہے جو بچے اور نابالغوں کے حوالے سے مندرجہ ذیل قوانین میں گنجائش ہے:
(a)کان ایکٹ، 1923
(b)سندھ فیکٹریز ایکٹ، 2015
(c)سندھ شاپس اور اسٹبلشمنٹس ایکٹ،2015
۱۷.(1)کوئی شخص، پولیس افسر یا لیبر انسپکٹر کسی مجاز دائرے اختیار رکھنے والے کورٹ میں اس ایکٹ کے تحت کسی جرم ہونے کے متعلق شکایت داخل کر سکتا ہے۔
(۲) نابالغ کی عمر کے متعلق ہر سرٹیفکیٹ جو مندرجہ ذیل میڈیکل اتھارٹی کے جانب سے منظور کیا گیا ہے، اس ایکٹ کے مقاصد کے لئے نابالغ کی عمر کی ثابتی کے لئے کافی ہونگے۔
(۳)لیبر کورٹ کے علاوہ کوئی بھی عدالت سندھ انڈسٹریل ایکٹ،۲۰۱۳ کے تحت اس ایکٹ کے مطابق کسی جرم پر کاروائی نہیں کریگی۔
۱۸حکومت اس ایکٹ کے کسی بھی یا تمام گنجائشوں پر عملدرآمد کے مقاصد کے لئے انسپکٹرز مقرر اور نوٹیفائی کر سکتی ہے مخصوص علائقوں میں اور اس طرح مقرر کردہ اور نوٹیفائیڈ کردہ کسی بھی انسپکٹر پاکستان پینل کوڈ کے مقصد کے مطابق پبلک سرونٹ

سمجھا جائیگا۔
۱۹.حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے اور گذشتہ اشاعت کے شرائط کے مطابق اس ایکٹ کی گنجائشوں کو موثر بنانے کے لئے قواعد بنا سکتی ہے۔

۲۰.(1) اس ایکٹ کی دفعات ۱۴ اور ۱۶ کے مندرجہ بالا شامل گنجائشوں کے مطابق اور اس سلسلے میں بنائے گئے قواعد کے مطابق، جو اضافی ہونگے اور تصادم میں نہیں ہونگے مائینس ایکٹ، ۱۹۲۳، سندھ فیکٹریز ایکٹ، ۲۰۱۵، سندھ چلڈرین ایکٹ، ۱۹۵۵ اور سندھ شاپس اینڈ اسٹبلشمنٹ ایکٹ، ۲۰۱۵ کے۔
(۲)''بچے'' اور ''نابالغ'' کی تعریفیں دوسرے قوانین میں اس ایکٹ کی دفعہ (۲) کی تعریف کے تحت ملازمت اور دوسرے منسلک مقاصد کے لئے ترمیم کی جائیگی۔
۲۱.اگر اس ایکٹ کی گنجائشوں کو لاگو کرنے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے تو حکومت سرکاری گزیٹ میں شایع ہونے والے حکم کے ذریعے ایسی گنجائش بنا سکتی ہے جو اس ایکٹ کی گنجائشیں سے تصادم میں نہیں آتے ہو اور ایسی رکاوٹ کو ہٹانے کے مقاصد کے لئے ضروری ہو۔
بشرطیکہ اس ایکٹ کی جانب سے گورنر کو منظوری کے دو سال کا عرصہ مکمل ہونے کے بعد ایسا کوئی بھی حکم جاری نہیں کیا جائیگا۔
(۲)اس دفعہ کے تحت جاری کردہ ہر حکم، اس کے جاری ہونے سے جتنا جلدی ہو سکے ، صوبائی اسمبلی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔
۲۲.(1) اسٹبلشمنٹ کا مالک جس میں کوئی نابالغ (۱۶ سال عمر سے کم) کام کر رہا ہے، یا کوئی بچہ ہنر سیکھ رہا ہے، وہ یقین کرائیگا کہ نابالغ یا بچہ، جیسا معاملہ ہو، لازمی اسکول جا رہا ہے جیسا اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 25A کے

مطابق درکار ہے۔
(۲)مالک تحریری ثبوت پیش کرے گا کہ نابالغ یا بچے کی تعلیم مجاز انسپیکٹنگ اتھارٹی کے سامنے جانچ پڑتال کے لئے تیار ہے۔

۲۳.جنس، مذہب، سیاسی،تعلقات، طبقے، رنگ، ذات پات نسل، ایتھنک بیک گرائونڈ کی بنیاد پر کوئی تفریق نہیں کی جائے گی اور اس ایکٹ کے لاگو ہونے میں کوئی بھی مسائل پیدا نہیں کیئے جائیگے۔

۲۴.(1)بچوں کی ملازمت ایکٹ، ۱۹۹۱ کے صوبے سندھ میں نفاذ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔
(۲)ایسی منسوخی کے بعد اگر کچھ کردیا جائے یا کوئی اقدام اٹھایا جائے یا اس طرح منسوخ کردہ ایکٹ کے تحت کچھ کرنے کا ارادہ کیا جائے، جو اس ایکٹ کے گنجائش سے تصادم میں نہ ہو، وہ اس ایکٹ سے منسلک گنجائش کے تحت کیئے گئے یا اٹھایا ہوا اقدام سمجھا جائیگا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔